
روزنامہ
ورق تازہ
ریاستی-قومی
दैनिक वरक-ए-ताजा
31 Dec. 2024


# منجانب 'عکس ادب' و'ہمارا ایشیا'- جلسۂ تہنیت و مشاعرہ



اورنگ آباد۔ ۲۹؍دسمبر (راست) بتاریخ ۲۸؍دسمبر، بروز سنیچر، بوقت رات ۹؍بجے بمقام ہمارا ایشیا آفس، نزد شالیمار ہوٹل، اورنگ آباد (مہاراشٹر) شفیع احمد شفیع کی ڈاکٹر ذاکر حسین و جونیئر کالج (پربھنی) میں کلرک کی ملازمت سے سبکدوشی کے موقع پر جلسۂ تہنیت و مشاعرہ کا اہتمام منجانب 'عکس ادب و ہمارا ایشیا' (ہندی) اورنگ آباد عمل میں آیا۔ شفیع احمد شفیع استاد شاعر ہیں اور علم عروض کے ماہر ہیں۔ ان کے متعدد شاگرد مراٹھواڑہ میں پھیلے ہوئے ہیں۔ موصوف ۳۱؍دسمبر ۲۰۲۴ء کو ملازمت سے دستبردار ہو رہے ہیں۔ اس اہم موقع پر پروفیسر شیخ عظیم الدین سابق پرنسپل کی صدارت میں شفیع احمد شفیع کو تہنیت پیش کی گئی۔ اس موقع پر 'عکس ادب' کی جانب سے ڈاکٹر یوسف صابر نے شفیع احمد شفیع کی گلپوشی کی اور قلم کا تحفہ دیا اور ذکی صدیقی نے شال دے کر ان کا استقبال کیا۔ اسی طرح اورنگ ادب کے صدر احمد اورنگ آبادی نے خوبصورت گلدستہ پیش کیا۔ عطاء اللہ شاہ، سعید بیگ اور احمد خان ایم اے نے گلوں کے نذرانے پیش کیے۔ پروفیسر عظیم الدین نے اپنے صدارتی خطبے میں عصر حاضر کے شعراء کی رہنمائی کرتے ہوئے شفیع احمد شفیع کی شعری خدمات، حیات و شخصیت پر روشنی ڈالی اور انھیں مبارکباد پیش کی۔ جلسۂ تہنیت کے بعد بزرگ شاعر رضا جالنوی کی صدارت میں مشاعرہ منعقد ہوا۔ ابتداء میں ڈاکٹر یوسف صابر نے حمد اور رضوان احمد رضوان نے نعت شریف کا نذرانہ پیش کیا۔ جن شعراء نے اپنا منتخب کلام پڑھ کر داد و تحسین حاصل کی اِن کے نام اس طرح ہیں: عمیر علی، عذیر اقبال، شیخ شعیب، مبشر زماں انصار، سید مرتضیٰ، وسیم راہی، عمران رضوی، احمد اورنگ آبادی، جمال چشتی، رضوان احمد رضوان، ڈاکٹر نصرت حنفی، ڈاکٹر یوسف صابر، ذکی صدیقی، شفیع احمد شفیع اور صدر مشاعرہ رضا جالنوی۔ اس مشاعرے کی نظامت جمال چشتی نے نہایت عمدگی سے کی جبکہ تہنیتی جلسے کی نظامت ڈاکٹر یوسف صابر نے کی۔ بطورِ مہمانان خصوصی عطاء اللہ شاہ، احمد خان ایم اے، محمد اقبال خان، ابراہیم ذوق اور سعید بیگ موجود تھے۔ ڈاکٹر یوسف صابر (مدیر اعلیٰ 'عکس ادب' اورنگ آباد) کے شکریہ کے ساتھ رات ۱۵۔۱۲ بجے پروگرام کا اختتام عمل میں آیا۔

# یووا سنگم پروگرام کے تحت ہماچل پردیش کے نمائندہ وفد کی آمد

## پروگرام کے پہلے دن مانو میں روایتی خیر مقدم

حیدرآباد، 30 دسمبر (پریس نوٹ) ہماچل پردیش کے طلباء اور نوجوانوں کا ایک نمائندہ وفد آج صبح حیدرآباد پہنچا۔ یہ وفد حکومتِ ہند کے پروگرام یوواسنگم "ایک بھارت شریشٹھ بھارت" (EBSB) کے نعرے کے تحت تلنگانہ کا مطالعاتی دورہ کر رہا ہے۔ ہماچل پردیش سے آنے والے اس وفد کی قیادت این آئی ٹی، ہمیر پور کے ڈاکٹر پرم سنگھ کر رہے ہیں۔ وفد کی یونیورسٹی آمد کے موقع پر یوواسنگم تلنگانہ کے نوڈل آفیسر پروفیسر محمد فریاد شخصی طور پر موجود تھے۔ یونیورسٹی کے گیسٹ ہاؤز میں وفد کی آمد کے موقع پر روایتی عربی "مرفہ" کے ساتھ پرجوش انداز میں سبھی شرکاء کا خیر مقدم کیا گیا اور ان لوگوں کی گلپوشی کی گئی۔ پروفیسر محمد فریاد نے ہماچل پردیش کے طلبہ کا مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں رسمی طور پر خیر مقدم کیا اور امید ظاہر کی کہ طلبہ و نوجوانوں کا یہ دورہ تلنگانہ کی تاریخ اور ثقافت کو سمجھنے میں بڑا مددگار ثابت ہوگا۔ ان کے مطابق ریاست تلنگانہ قدیم اور جدید دونوں تہذیبوں کا ایک حسین سنگم ہے۔ جہاں کی تہذیب کو گنگا جمنی تہذیب سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ اردو یونیورسٹی میں آج ہماچل پردیش کے طلبہ کو مختلف شعبوں کا معائنہ کروایا گیا اور یونیورسٹی میں دستیاب کورسز کی تفصیلات سے واقف کروایا گیا۔ وفد نے مانو کے اسکولوں کا جائزہ لینے کے دوران وہاں کی فیکلٹی اور طلبہ سے بھی ملاقات کی۔ یونیورسٹی کے دورے کے بعد، ہماچل پردیش کا یہ نمائندہ وفد تاریخی چار مینار کے مشاہدے کے لیے روانہ ہوا۔ شہر حیدرآباد کی اس 400 سالہ قدیم تاریخی اور خوبصورت عمارت کو دیکھ کر وفد کے سبھی اراکین ششدر رہ گئے۔ اس کے بعد یوواسنگم کا یہ قافلہ سالار جنگ میوزیم کے مشاہدے کے لیے پہنچا۔ جس کا مقصد ان نوجوانوں کو حیدرآباد کے تاریخی ورثہ سے آگاہ کرنا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے میوزیم اپنی عالمی شہرت یافتہ فنون اور نوادرات کے نایاب ذخیرے کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یوواسنگم پروگرام کا مقصد ملک کی مختلف ریاستوں کے نوجوانوں کے درمیان ثقافتی اور سماجی تعلقات کو مضبوط بنانا اور نوجوانوں کو بھارت کی ثقافت اور ترقیاتی کامیابیوں سے روشناس کروانا ہے۔ گذشتہ ہفتہ ریاست تلنگانہ کے نوجوانوں کا نمائندہ وفد ریاست ہماچل پردیش کے ایک ہفتے طویل مطالعاتی دورے کے بعد واپس ہوا ہے۔ جہاں پر این آئی آئی ٹی، ہمیر پور نے ان طلبہ کی میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔

# سماجی جہدکار محمد رفیق بھیم آرمی کے اقلیتی امور کے صدر نامزد



حیدرآباد: 30؍دسمبر (راست) وانم مہیندر تلنگانہ اسٹیٹ پریسیڈنٹ بھیم آرمی کی اطلاع کے بموجب مشہور سماجی جہد کار محمد رفیق کو بھیم آرمی کا مسلم اقلیتی ونگ کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔ محمد رفیق مختلف سماجی تنظیموں سے وابستہ رہے ہیں۔ غریبوں اور پچھڑے طبقات کے لیے خدمت کے لیے ہمیشہ تیار رہتے ہیں۔ بھیم آرمی ہمیشہ اقلیتوں کے مسائل کی یکسوئی کے لیے کوشاں رہی ہے۔ بھیم آرمی کا مقصد مہاتما جیوتی با پھولے، چھترپتی شاہو جی مہاراج، اور ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر جی کے نظریے کو قائم کرنا اور غریبوں، استحصال زدہ، پسماندوں کی آواز کو زیادہ موثر انداز میں بلند کرنے کے مقصد سے تنظیم اپنی جدوجہد جاری رکھتی ہے۔ "بہوجن ہتایہ تلنگانہ اسٹیٹ بھیم آرمی کمیٹی نے مسلم، اقلیتی ونگ ریاست تلنگانہ کے صدر محمد رفیق کو صدر کے طور پر مقرر کیا ہے۔ اس موقع پر بھیم آرمی کے ذمہ داروں نے انھیں مبارکباد پیش کی۔

## گیت چاندنی کے زیر اہتمام سال نو کے موقع پر آج مشاعرہ

حیدرآباد (راست) تنظیم گیت چاندنی کے زیر اہتمام نئے سال کے استقبال کے موقع پر آج بروز منگل، 31 ڈسمبر، شام چھ بجے، ہندی پرچار سبھا آڈیٹوریم، نامپلی میں مشاعرہ و کوی سمّیلن کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے۔ صدارت گیت چاندنی کے صدر چمپالال بید کریں گے۔ شروتی کانت بھارتی اور محسن خان مہمان خصوصی ہوں گے۔ نئے سال کی آمد پر شعراء اپنا کلام پیش کریں گے۔ پروگرام کے اختتام پر حاضرین اور شعراء میں سے قرعہ اندازی کے ذریعے ایک شاعر کو 2024 کا لکی شاعر منتخب کیا جائے گا جنہیں انعام کے طور پر چاندی کا تمغہ دیا جائے گا۔

# نئے سال کی آمد کا جشن منانا، آتش بازیاں کرنا، اسلامی تعلیمات کا حصہ نہیں

## مسلم نوجوان نئے سال کے جشن میں ہونے والی خرافات سے پرہیز کریں: مولانا ندیم صدیقی کی اپیل



ممبئی: 30؍دسمبر 2024 (پریس ریلیز) اسلام ہمیں قطعاً اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ مسلمان نئے سال پر یا کسی بھی موقع پر آپے سے باہر ہو جائیں، پٹاخیں پھوڑیں، آتش بازیاں کریں، رقص و سرور کی محفلیں سجائیں، شراب نوشی کریں، اور اس نام پر ہونے والے پروگراموں میں حصہ لیں۔ تشویشناک بات یہ بھی ہے کہ نئے سال کو منانے کے لئے جو طریقے اختیار کئے جارہے ہیں وہ معاشرہ کے لئے انتہائی مہلک ہیں، نوجوان نسل پر اس کے منفی اثرات پڑ رہے ہیں، عریانیت و فحاشیت بڑھتی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیۃ علماء مہاراشٹر کے صدر مولانا حافظ محمد ندیم صدیقی صاحب نے اخبارات کے جاری اپنے ایک صحافتی بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کی آمد کا جشن منانا،، آتش بازیاں کرنا، اسلامی تعلیمات کا حصہ نہیں ہیں ان گناہوں سے مسلم نوجوانوں کو روکنا اور برائیوں سے بچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مولانا ندیم صدیقی نے مزید کہا کہ نیا سال ہمیں دینی اور دنیوی دونوں میدانوں میں اپنا محاسبہ کرنے کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ کہ ہماری زندگی کا جو ایک سال کم ہو گیا ہے، اس میں ہم نے کیا کھویا اور کیا پایا؟ ہمیں عبادات، معاملات، اعمال، حلال و حرام، حقوق اللہ، اور حقوق العباد، کی ادائے گی کے میدان میں اپنی زندگی کا محاسبہ کرکے دیکھنا چاہیے کہ ہم سے کہاں کہاں غلطیاں ہوئیں: اس لیے کہ انسان دوسروں کی نظروں سے تو اپنی غلطیوں، اور کوتاہیوں کو چھپا سکتا ہے؛ لیکن خود کی نظروں سے نہیں بچ سکتا؛ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: "حَاسِبُوْا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُحَاسَبُوْا"۔ (ترمذی 4/247) ترجمہ: تم خود اپنا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تمہارا حساب کیا جائے۔ اس لیے ہم سب کو ایمان داری سے اپنا اپنا مواخذہ، اور محاسبہ کرنا چاہیے، اور ملی ہوئی مہلت کا فائدہ اٹھانا چاہیے: اس سے پہلے کہ یہ مہلت ختم ہو جائے۔ مولانا صدیقی نے مسلم نوجوانوں کی بے راہ روی پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ اس امت کے کروڑوں روپئے صرف ایک رات میں ضائع ہو جاتے ہیں۔ خوشیاں منانے کے نام پر اللہ تعالی کی نافرمانیاں کرکے اپنے کندھوں پہ گناہوں کا بوجھ اٹھا لیتے ہیں، اور کئی لوگوں کو اس موقعہ پر اپنی جان تک گوانی پڑتی ہیں۔ آج ہماری نوجوان نسل اس رات کے لئے ہزاروں لاکھوں خرچ کر رہی ہے، اگر ان کا یہی مال غریبوں اور مجبوروں کے کاموں میں ان کی مدد میں خرچ ہو تو اس سے اللہ بھی راضی اور زندگی کا کچھ مقصد بھی حاصل ہو۔ انہوں نے عامۃ المسلمین اور والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو نئے سال میں ہونے خرافات سے بچائیں، برائیوں سے بچنے کی تلقین کریں اور ان پر کڑی نظر رکھیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فرمودات و ارشادات پر عمل کرنے کی ترغیب دلائیں۔

# میقات 2025-26 کے لئے بہن خنساء صدف سٹی پریسیڈینٹ جی آئی او حیدرآباد منتخب

## شہر کی گیارہ رکنی مقامی مشاورتی کونسل کے اراکین کا بھی کثرت آراء سے انتخاب

ڈاکٹر محمد مبشر احمد، ناظم شہر جماعت اسلامی ہند عظیم تر حیدرآباد کی نگرانی میں اسلامک سنٹر لکڑ کوٹ حیدرآباد پر گرلز اسلامک آرگنائزیشن، حیدرآباد کی ایک سالہ میقات 2025-26 کے لئے سٹی پریسیڈینٹ، جی آئی او حیدرآباد اور شہر کی مشاورتی کونسل کے لئے گیارہ اراکین کا انتخاب عمل میں آیا۔ کثرت آراء سے بہن خنساء صدف (چندرائن گٹہ) سٹی پریسیڈینٹ جی آئی او منتخب ہوئیں۔ ساتھ ہی درج ذیل گیارہ ممبران کا سٹی ایڈوائزری کونسل کے اراکین کی حیثیت سے انتخاب عمل میں آیا۔ خنساء وسیم (راجندر نگر)، انم حسنات (ٹولی چوکی)، ہُما غلام (خلوت)، منزہ زرین (راجندر نگر)، راحیلہ تبسم (جوبلی ہلز)، ڈاکٹر امتہ البصیر (یاقوت پورہ)، ثانیہ مریم (خلوت)، حفصہ امیمہ (نامپلی)، اے۔ ایس شفاء (راجندر نگر)، ضحیٰ وسیم (راجندر نگر)، سلمٰی خالد (بہادر پورہ)۔ اس موقع پر زونل پریسیڈینٹ جی آئی او۔ ڈاکٹر اصفیہ انم اور زونل ایچ آر سکریٹری بہن ایمن کے علاوہ تنظیمی سکریٹری جماعت اسلامی ہند شہر حیدرآباد جناب محمد عبدالماجد ذاکر اور سٹی کوآرڈینیٹر جناب محمد حسین بھی موجود تھے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ان منتخب ذمہ داران کو راہ خدا استقامت عطا فرمائے اور اپنے دین کا بہترین کام ان سے لے اور تحریک اسلامی کے لئے انھیں مفید تر بنائے۔

# ڈراما سماج کا آئینہ ہوتا ہے: عمر خان بیریا



سولاپور: 30؍دسمبر (اقبال باغبان): بزم غالب سولاپور کے زیر اہتمام منعقد بین المدارس اُردو ڈرامہ مقابلہ میں ایم۔ اے۔ پانگل اسکول کے ڈاکٹر ہارون رشید باغبان کا تحریر کردہ اور محمود خطیب کا ہدایت کردہ ڈراما "تین سوال" کو اوّل انعام عبدالغنی ہپرگی ٹرافی دیا گیا۔ سوشل اسکول بیڑی گھرکل کی جانب سے عرفان لالکوٹ کا ہدایت کردہ اور فرید لالکوٹ کی ہدایت میں پیش کردہ ڈراما" بڑھی بی سبحان اللہ" کو دُوّم انعام منظور عالم شیخ ٹرافی اور شمع اُردو پرائمری اسکول مجرے واڑی کے زیر اہتمام، مرحوم نسیم منان کا تحریر کردہ اور شاہین صدف اور ابرار نلامندو کی ہدایت سے مُزّین ڈراما منحوس قدم" کو سُوّم انعام شمیم بانو ٹرافی سے نوازا گیا۔ ہتاتما سمُرتی مندر میں منعقد اس مقابلے کی تقریبِ تقسیم انعام کی صدارات بزم غالب کے صدر بشیر پرواز صاحب نے کی او رُگل ہند اُردو ادبی کانفرنس کے صدر ایڈوکیٹ عمر خان بیریا نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈراما کے معروف فن کار بی۔ ایچ۔ کرجگی، راجا باغبان، شفیع کیپٹن، اعجاز منظور عالم، آصف اقبال، زبیر ہپرگی موجود تھے۔ مہمانِ خصوصی ایڈوکیٹ عمر خان بیریا نے اپنی تقریر میں کہا کہ ڈراما سماج کا آئینہ ہوتا ہے۔ اس میں سماجی کے مختلف پہلو اور مسائل کو پیش کرنے کی گنجائش ہوتی ہے۔ ڈراما کے ذریعے ہم فرد اور سماج کی اصلاح کر سکتے ہیں۔ اس عظیم اصلاحی کام کو انجام دینے کے لیے نوجوانوں کو پہل کرنی چاہیے۔ ڈراما کو ذریعہ معاش بھی بنایا جاسکتا ہے۔ اس کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔ اس مقابلے کو کامیاب بنانے میں انتظامیہ کمیٹی کے رُکن شفیع کیپٹن، محمد حسین بخشی، ناصرالدین الندکر، عبدالشکور شعور، یوسف عالم صدیقی نے خوب محنت کی۔ پروگرام کی نظامت اور رسم شکریہ انور کمیشنر نے کی۔

# انتقال



حیدرآباد 30 / ڈسمبر نہایت افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ محب زماں انصار العلماء عمدۃ القراء حضرت علامہ قاضی محمد انصار علی قریشی جاوید نقشبندی قادری علیہ الرحمہ سابق استاذ جامعہ نظامیہ کے چھوٹے داماد اور مولانا قاضی ابواللیث شاہ محمد غضنفر علی قریشی اسد ثنائی صدر نشین تولیتی انتظامی کمیٹی درگاہ حضرت سید خواجہ حسن برہنہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے بہنوئی جناب سید پرویز ولد جناب سید عثمان مرحوم کا اتوار 29 / ڈسمبر کو بعد نماز عشاء مختصر سی علالت کے بعد بعمر 48 سال انتقال ہو گیا نماز جنازہ پیر 30 / ڈسمبر کو بعد نماز ظہر جامع مسجد محبوبیہ ریاست نگر مارکیٹ میں ادا کی گئی ترجمان قادریت حضرت علامہ حافظ ڈاکٹر سید رضوان پاشا قادری صدر نشین دی قرآن اکیڈمی نے نماز جنازہ پڑھائی اور دعائے مغفرت کی نماز جنازہ میں مؤرخ جامعہ نظامیہ حضرت علامہ شاہ محمد فصیح الدین نظامی سابق مہتمم کتب خانۂ جامعہ نظامیہ، مفسر قرآن حضرت علامہ مفتی محمد وجیہ اللہ سبحانی نقشبندی امام جامع مسجد محبوبیہ، نور القراء حضرت مولانا حافظ و قاری محمد نور نقشبندی امام مسجد فتح شاہ، مولانا حافظ سید معین الدین قادری امام و خطیب مسجد حرا، مولانا حافظ محمد احمد حسین نقشبندی نائب خطیب مسجد محبوبیہ، مولانا قاری سید معین الدین شرفی، امام و خطیب مسجد مصطفی، مولانا قاری تراب علی قریشی نائب امام مسجد محبوبیہ کے علاوہ عزیز و اقارب اور دوست احباب کی کثیر تعداد نے شرکت کی، تدفین قبرستان درگاہ سراج المجذ وبین حضرت سید خواجہ حسن برہنہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ میں عمل میں آئی - فاتحہ سہ یوم 31 / ڈسمبر کو بعد نماز عصر جامع مسجد محبوبیہ ریاست نگر میں مقرر ہے دیگر تفصیلات کے لئے سیل نمبر 9391301192 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

# ڈاکٹر غضنفر اقبال کو گلبرگہ انمول رتن ایوارڈ تفویض



گلبرگہ: 30 دسمبر: بہمنی فاونڈیشن قلعہ گلبرگہ کی جانب سے آج دو بجے دن پروفیسر حمید سہروردی کی رہائش گاہ "سائبان" میں ڈاکٹر غضنفر اقبال کو بہمنی فاونڈیشن قلعہ گلبرگہ کا باوقار گلبرگہ انمول رتن ایوارڈ انجینئر قاضی رضوان الرحمن صدیقی مشہود کی سرپرستی میں پروفیسر حمید سہروردی کے ہاتھوں تفویض کیا گیا۔ یاد رہے کہ بہمنی فاونڈیشن قلعہ گلبرگہ کی عظیم الشان تقریب اعزازات 29 دسمبر کو منعقد کی گئی تھی۔ ڈاکٹر غضنفر اقبال مستقر پر نہیں ہونے کے سبب آج ان کو ایوارڈ تفویض کیا گیا۔ اس موقع پر محترم منظور وقار ڈاکٹر انیس صدیقی جناب محمد ایاز الدین پٹیل الحاج مجیب خان اور جناب واجد اختر صدیقی نے اپنے اظہار خیال میں بہمنی فاونڈیشن قلعہ گلبرگہ کی دینی اور تہذیبی خدمات کی ستائش کی اور ڈاکٹر غضنفر اقبال کو گلبرگہ انمول رتن ایوارڈ سے تفویض کئے جانے پر مبارکباد پیش کی اس تقریب میں جناب محمد جاوید اقبال صدیقی ڈاکٹر سید اسد اللہ مجاہد انجینئر خرم عماد انجینئر طٰہ صادق شافع مراد واسع حماد موجود تھے۔

# بنوں کے جرگے نے فوجی آپریشن کی مخالفت کی

لکی مروت۔30؍دسمبر۔ ایم این این۔ ایک جرگے نے ضلع بنوں کے جانی خیل، بکاخیل اور دیگر علاقوں میں مجوزہ فوجی آپریشن کی مخالفت کا اعادہ کیا ہے اور حکومت سے کہا ہے کہ وہ خطے میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا متبادل حل تلاش کرے۔ یہ جرگہ ہفتے کے روز بنوں شہر میں پرانی گیٹ کے ایک مدرسے میں منعقد ہوا جس میں امن و امان کی موجودہ صورتحال اور جانی خیل قصبے میں دہشت گردوں کے خلاف صوبائی اپیکس کمیٹی کی جانب سے آپریشن شروع کرنے کے اعلان پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جماعت اسلامی خیبر پختونخوا جنوبی کے امیر محمد ابراہیم، ایم این اے مولانا نسیم علی شاہ، ایم پی اے عدنان خان وزیر، ملک حکمت یار خان، ملک نعمت علی خان، تیمور باز خان، ملک راحت خان، ناصر خان بنگش، عبدالصمد خان، شاہ قاضی، باچا ایڈووکیٹ اور دیگر عمائدین، تاجر رہنما اور سول سوسائٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں کو بریفنگ دیتے ہوئے، جے آئی کے رہنما نے مشترکہ اعلامیہ کا اعلان کیا، جس میں حکومت سے جرگے کے 16 نکاتی مطالبات پر عمل درآمد کرنے کا کہا گیا، جس کی ان کے بقول سپریم کمیٹی نے بھی توثیق کی تھی۔ انہوں نے ضلع کے جانی خیل قصبے میں فوجی آپریشن شروع کرنے کے فیصلے کو واپس لینے، برطرف پولیس اہلکاروں کی بحالی اور عمائدین اور تاجروں کے نام فورتھ شیڈول سے خارج کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ مسٹر ابراہیم نے حکومت سے یہ بھی کہا کہ وہ سیکورٹی خدشات کی وجہ سے مقامی حکام کی جانب سے بند کی گئی سڑکوں اور شریانوں کو دوبارہ کھولنے کا حکم دے اور آپریشن شروع کرنے، سڑکوں کی بندش اور انٹرنیٹ خدمات کی معطلی کے حوالے سے فیصلے کرنے سے پہلے ضلع کے منتخب نمائندوں کو ساتھ لے کر جائیں۔" اس سلسلے میں کسی بھی یکطرفہ فیصلے کو جرگہ قبول نہیں کرے گا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ایسے فیصلوں میں اراکین پارلیمنٹ کی شمولیت سے سیکورٹی فورسز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں پر لوگوں کا اعتماد بحال کرنے میں مدد ملے گی۔ جے آئی رہنما نے کہا کہ حکومت اپنے مطالبات پورے نہ کرنے کی صورت میں جرگہ آئندہ لائحہ عمل مرتب کرے گا۔ اسی روز جرگہ کے ایک اہم رکن عبدالصمد خان کو پولیس نے اس وقت گرفتار کر لیا جب وہ اجلاس میں شرکت کے بعد اپنے گاؤں واپس جارہے تھے۔

# کتب بینی کا فروغ: تھانے کتب میلہ 2024 کا آغاز

## علم کی روشنی پھیلانے کا عزم، طلباء اور معزز شخصیات کی شرکت



تھانے: 30؍دسمبر (آفتاب شیخ) مہاراشٹر حکومت کے اعلیٰ و تکنیکی تعلیم محکمہ، کتب خانہ ڈائریکٹوریٹ، اور ضلع کتب خانہ افسر کے تعاون سے "تھانے کتب میلہ 2024 کا آغاز کوپر کھیرنے کے گیان وکاس انسٹی ٹیوٹ میں ایک پروقار تقریب کے ساتھ کیا گیا۔ اس میلے کا مقصد مطالعہ کے کلچر کو فروغ دینا اور عوام میں کتب بینی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ تقریب میں کتب خانہ ڈائریکٹر اشوک گاڈیکر، گیان وکاس انسٹی ٹیوٹ کے بانی صدر ایڈووکیٹ پی سی پاٹل، سینئر شاعر ارون ماٹرے، اور دیگر اہم شخصیات شریک ہوئیں۔ طلباء، اساتذہ، اور عوام کی بڑی تعداد نے بھی اس میلے میں بھرپور حصہ لیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈووکیٹ پی سی پاٹل نے کہا کہ کتابیں انسان کی ذہنی ترقی اور معاشرتی شعور بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر طالب علم کو روزانہ ایک گھنٹہ مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ علمی میدان میں آگے بڑھا جاسکے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ادارے کے طلباء کتب خریدنے اور مطالعہ کے فروغ کے لیے سرگرم رہیں گے۔ کتب خانہ ڈائریکٹر اشوک گاڈیکر نے حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے "مطالعہ ہفتہ" منصوبے کی تفصیلات بیان کیں، جو 1 سے 15 جنوری کے درمیان منعقد ہوگا۔ انہوں نے طلباء کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی پسندیدہ کتابوں کا مطالعہ کریں اور ان پر تجزیاتی رپورٹس لکھ کر جمع کروائیں۔ بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء کو حکومت کی جانب سے انعامات دیے جائیں گے۔ کتب میلہ میں گیان وکاس انسٹی ٹیوٹ کے مختلف تعلیمی شعبوں کے طلباء نے اپنے اسکول اور کالج کی نمائندگی کی۔ علاوہ ازیں، معزز مہمانوں نے کتب کی اہمیت اور علم کے فروغ پر زور دیا۔ پروگرام کے دوران، سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ اور پرسنا پاٹل کو خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا۔ کتب میلہ کے دوران مختلف ثقافتی اور علمی پروگرامز کا انعقاد بھی کیا گیا۔ اس کے علاوہ، مثالی کتب خانوں اور بہترین قارئین کو اعزازات سے نوازا جائے گا۔ کتب بینی کا شوق پیدا کرنے کی اپیل: ضلع کتب خانہ افسر پرشانت پاٹل نے عوام سے اپیل کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں کتب میلہ میں شرکت کریں اور اس تحریک کا حصہ بنیں تاکہ معاشرے میں علم کے فروغ کی بنیاد رکھی جا سکے۔ پروگرام کی نظامت سنتوش جادھو نے کی، جبکہ شکریہ پرتبھا پاٹل نے ادا کیا۔

# ٹولی چوکی میں مفت ہیلت کیمپ کا کامیاب انعقاد



حیدرآباد: 30؍دسمبر (راست) مائتری ہاسپٹل کی جانب سے انٹگرل فاؤنڈیشن اسکول ٹولی چوکی میں مفت ہیلت کیمپ کا کامیاب انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اس مفت اس ہیلت کیمپ سے اسکولی طلبہ کے علاوہ قریب ساڑھے تین سو مریضوں نے استفادہ کیا۔ مائتری ہاسپٹل کے ڈاکٹرس، چائیلڈ اسپیشلسٹ ڈاکٹر مبشر احمد، ڈاکٹر انفس احمد جنرل فزیشن، گائنا کالوجسٹ ایشا سنگھ نے مریضوں کا مفت معائنہ کیا۔ کیمپ سے رجوع ہونے والے مریضوں کو بی پی، شوگر اور ای سی جی ٹسٹ کی سہولیات فراہم کی گئی اور ان میں دواؤں کی تقسیم عمل میں لائی گئی۔ کیمپ انچارج نذیر الدین احمد (اے جے ایم) نے انتظامات کی نگرانی کی۔

## افغان مسجد پر پاکستان کے راکٹ حملے میں 3 افراد جاں بحق

کابل - 30/ دسمبر۔ ایم این این۔ افغانستان کے صوبہ پکتیا کے ضلع ڈنڈ پتن کے رہائشیوں نے بتایا ہے کہ ہفتے کے روز پاکستان کی طرف سے فائر کیے گئے راکٹ ایک مسجد پر گرنے سے تین افراد ہلاک اور پانچ زخمی ہو گئے۔ متاثرین کے کچھ لواحقین عالمی برادری سے انصاف کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ مقتولین کے رشتہ دار اکرم خان نے کہا کہ پاکستان نے مارٹر فائر کیے؛ میرے دو بھائی شہید ہوئے، ہمارا ایک رشتہ دار بھی شہید ہوا، اور پانچ لوگ زخمی ہوئے۔ انہیں جوابدہ ہونا چاہئے اور مناسب جواب دینا چاہئے۔ عام شہریوں کو نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے۔ مسجد میں ہمارے شہری شہید ہوئے۔ یہاں کوئی حکومت یا تنازعہ نہیں تھا۔ اس علاقے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ انہوں نے ہم پر سخت ظلم کیا ہے۔ ان سے پوچھ گچھ کی جائے اور ہمارا حق لیا جائے۔ یہ ہمارے ساتھ بہت بڑی ناانصافی ہے۔ دریں اثناء، پاکستان کے ساتھ حالیہ جھڑپوں کے بعد پکتیا کے ضلع ڈنڈ پتن کے ایک ہزار سے زائد مکینوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔

## نئے سال کی خرافات اور گناہوں سے دور رہنا ضروری: مولانا صوفی ارشد چشتی ابو العلائی

حیدرآباد: 30؍دسمبر (راست) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص ملت اسلامیہ کے علاوہ کسی اور امت کے ساتھ مشابہت اختیار کرے تو وہ ہم میں سے نہیں، اور فرمایا گیا کہ تم یہود اور نصاریٰ کے ساتھ مشابہت اختیار نہ کرو۔ نیا سال اور یہودیوں کی جانب سے منائے جانے والے مختلف پروگراموں، دنوں اور تہواروں سے ہم کو دور رہنا چاہئے۔ نئے سال کے جشن کے موقع پر مسلمان بھی دوسرے لوگوں کی طرح بڑا جشن مناتے ہیں۔ ناچ گانے کی محفلیں سجتی ہیں، کیک وغیرہ کاٹے جاتے ہیں اور اس لمحہ کو یادگار بنانے کیلئے لوگ بڑی بڑی دعوتیں کرتی ہیں اور آتش بازی کی جاتی ہے۔ یہ تمام چیزیں اسلامی تعلیمات کے خلاف ہیں۔ ہم کو اس سے بچنا چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار خانقاہ صوفیہ ابو العلائیہ منڈی میر عالم میں منعقدہ ہفتہ واری حلقہ ذکر سے مولانا صوفی ارشد چشتی ابو العلائی نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں فضول چیزوں پر خرچ کی ممانعت کی گئی ہے۔ قرآن میں بیہودہ کاموں پر خرچ کرنے والوں کو شیطان کا بھائی قرار دیا گیا ہے۔ آج ہم نئے سال کے موقع پر بے تحاشہ فضول خرچی کرتے ہیں۔ افسوس کہ پچھلے چند سالوں سے ہمارے محلہ جات اور بستیوں کی بکریز کے پاس نئے سال کے موقع پر کیکس خریدنے والوں کا ہجوم دیکھا جارہا ہے۔ بچے اپنے گھروں میں کیک وغیرہ کاٹ کر اپنے دوستوں اور گھر والوں کے ساتھ جشن مناتے ہیں۔ اس میں بچوں کی غلطی کے ساتھ ساتھ ماں کی بھی غفلت ہے جو اپنے بچوں کو گناہوں سے نہیں روک رہے ہیں اور وہ خود اس میں شامل ہو رہے ہے۔ مولانا صوفی ارشد چشتی ابو العلائی نے والدین سے اپیل کی کہ وہ نئے سال کے موقع پر اپنی اولاد پر نظر رکھیں۔ انہیں غلط دوستوں اور ماحول میں جانے سے روکیں۔ پچھلے چند سالوں میں کئی سڑک حادثات اس دن پیش آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال کا اختتام جشن کا نہیں بلکہ خود کے محاسبہ کا وقت ہے۔ ہم ہر گذرتے پل کے ساتھ موت کے قریب ہو رہے ہیں۔ اس لئے ہم کو یہ تمام برائیوں اور گناہوں سے دور رہنا چاہئے اور اہل وعیال کو دوزخ سے بچا کر جنت میں لے جانے کی ہر وقت کوشش کرنا چاہئے۔ اس موقع پر مریدین و متعقدین کی کثیر تعداد موجود تھی۔

# مقامی مصنوعات، مقامی فن پاروں اور مقامی فن کاروں کی پذیرائی کا پلیٹ فارم ہے مالیگاؤں فیسٹیول




مالیگاؤں: 30؍دسمبر (پریس ریلیز) مقامی فن پاروں اور فن کاروں کی ترقی و فروغ کیلئے ۲۰۱۸ء میں قائد نسل نو آصف شیخ رشید کی قیادت میں شروع کئے گئے اپنی نوعیت کے منفرد مثالی و غیر معمولی میڈ اِن مالیگاؤں فیسٹیول کے پانچویں سیزن کا آغاز ۲۴؍ جنوری سے ہوگا۔ جس کیلئے مختلف النوع اسٹالس کیٹیگری بنائی گئی ہے۔ جس میں (۱) میڈ اِن مالیگاؤں فوڈ زون (۲) میڈ ان مالیگاؤں مصالحے، چٹنی (۳) میڈ ان مالیگاؤں ٹیکسٹائل پروڈکٹس و ڈریس مٹریلس (۴) کاسمیٹکس، آرائش و زیبائش زون (۵) میڈ اِن مالیگاؤں مٹھائیاں، کولڈرنکس، کلفی، آئسکریم، سوڈا (۶) کھلونے (۷) میڈ اِن مالیگاؤں ہربل پروڈکٹس، تیل ادویات، ریمیڈیز زون (۸) ہینڈ میڈ کرافٹ اینڈ دست کاری زون (۹) ایجوکیشنل و پبلی کیشن زون (۱۰) بچوں کیلئے فن زون۔ اس طرح الگ الگ زون میں تقریباً 200 اسٹالس عوام و خواص کی تفریحِ طبع کے ساتھ ساتھ فروغ معیشت و تجارت کا ذریعہ بھی ہوں گے۔ فیسٹیول کیلئے ناسک ضلع، دھولیہ ضلع، بھیونڈی، تھانہ واحمد نگر و اورنگ آباد ضلع کے تجارتی حلقوں میں تشہیری مہم چلائی جارہی ہے۔ امید ہے کہ عام صارفین کے علاوہ بیرون سے تاجر طبقہ اور بیوپاری ہول سیلر بھی یہاں وزٹ دے کر میڈ ان مالیگاؤں پروڈکٹس و مصنوعات کا تعارف حاصل کر سکیں گے۔ فیسٹیول کے احاطہ میں ایک چھوٹا سا خوبصورت کانفرنس ہال بھی بنایا جارہا ہے۔ جہاں باہر کے بیوپاریوں کا استقبال بھی ہوگا۔ اور اُن کو جن چیزوں کی تلاش ہوگی اس کے ماہرین سے ملاقات کا مرکز یہی ٹریڈ کانفرنس زون ہوگا۔ یاد رہے کہ مالیگاؤں فیسٹیول ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کی کوششوں سے اس بامقصد تجارتی و معاشی پلیٹ فارم سے مقامی دستکاروں اور گھریلو صنعت والوں کو باہر کے لوگوں سے گھر بیٹھے رابطے کا موقع ملتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ فیسٹیول کے کلچرل ایونٹ کے ذریعے بھی یہی چاہا جاتا ہے کہ یہاں کے طلبہ اپنی مخفی صلاحیتوں کے اظہار کے ذریعے حوصلوں کی اُڑان کیلئے ایک نیا آسمان پا سکیں۔ قرأت، حمد و نعت، خوش نویسی، ڈرامہ، کراٹے شو، پیراڈ شو، غزل، حب الوطنی گیت، کوئیز، بیت بازی، ٹیلنٹ شو کے ذریعے ہر سال دو ہزار سے زائد طلبہ کو وسیع و عریض اسٹیج فراہم کیا جاتا ہے۔ اور ہر طالب علم کو انعامات سے نوازا جاتا ہے تاکہ کسی کی بھی حوصلہ شکنی نہ ہو، میڈ ان مالیگاؤں فیسٹیول کے کنوینر حافظ انیس اظہر نے بتایا کہ فوڈ زون اور سیل و ایگزیبیشن زون میں اسٹال کی بکنگ شروع ہو چکی ہے۔ پہلے آؤ پہلے پاؤ کی بنیاد پر اسٹال کا انتخاب ہوگا۔ اس سلسلے میں مزید تفصیلات کیلئے رابطہ کریں۔ (حافظ انیس اظہر 9511767376)۔

